اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-II)	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2020ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے:

1-1- قاضی یحییٰ منصور کے بیٹے کا نام تھا:

(a) زبیر ✓ (b) عباس
(c) عمران (d) علی

-2 محنت پسند خردمند ماخوذ ہے:

(a) آبِ حیات (b) نیرنگِ خیال ✓
(c) سخندانِ فارس (d) دربارِ اکبری

-3 مولانا ظفر علی خان کے مشہور اخبار کا نام تھا:

(a) نوائے وقت (b) جنگ
(c) نئی دنیا (d) زمیندار ✓

-4 بیگم اختر ریاض الدین نے پہلی ٹیکسی لی تھی:

(a) ٹوکیو (b) بمبئی
(c) ہانگ کانگ (d) کلکتہ ✓

-5 نواب محسن الملک کا اصل نام تھا:

(a) وقارالملک (b) مشتاق حسین
(c) مہدی علی خان ✓ (d) بدرالدین

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

-6 ہم نے لڈو برفی ----۔

(a) کھائیں (b) کھائی ✓
(c) کھاؤ (d) کھائے

7- علم اور نیکی انسان کا درجہ بڑھا۔۔۔۔ ۔

(a) دیتی ہے ✓
(b) دیتا ہے
(c) دیتے ہیں
(d) دیتی ہیں

8- ”خبریں“ شائع ہو۔۔۔۔ ۔

(a) گیا ہے ✓
(b) گئی ہے
(c) گئے ہیں
(d) گئیں ہیں

9- محنت کرو۔۔۔۔ڈاکٹر بننے کا خواب ادھورا رہ جائے گا۔

(a) ورنہ ✓
(b) کیوں کہ
(c) لیکن
(d) چونکہ

10- وہ رشوت خور ہی نہیں۔۔۔۔چور بھی ہے۔

(a) مگر
(b) بلکہ ✓
(c) ورنہ
(d) اگر

رموزِ اوقاف کے اُصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

11- کسی کا قول یا اقتباس ہُو بہُو تحریر کرنا ہو تو علامت استعمال ہوگی:

(a) قوسین
(b) واوین ✓
(c) وقفہ
(d) فجائیہ

12- کسی کو پکارنے کے لیے علامت استعمال ہوگی:

(a) ندائیہ ✓
(b) رابطہ
(c) ختمہ
(d) واوین

13- ختمہ کی تعریف ہے:

(a) وقفہ سے کم ٹھہراؤ
(b) سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ
(c) سب سے کم ٹھہراؤ
(d) مکمل ٹھہراؤ ✓

14- سکتہ کی علامت ہے:

(a) :
(b) :-
(c) ؛
(d) ، ✓

15- :- یہ علامت ہے:

(a) سکتہ
(b) وقفہ
(c) تفصیلیہ ✓
(d) ندائیہ

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

16- ''میں وہاں نہیں جا سکتا'' میں کون سا مصدر بطور امدادی فعل استعمال ہوا ہے؟

(a) وہاں
(b) جا
(c) سکتا ✓
(d) نہیں

17- اُٹھنا:

(a) میں صبح اُٹھا۔
(b) وہ دیر سے اُٹھا۔
(c) اس نے اسے اُٹھایا۔
(d) وہ بلبلا اُٹھا۔ ✓

18- لگنا:

(a) وہ تمھارا کیا لگتا ہے؟
(b) میں اس کا کچھ نہیں لگتا۔
(c) اس نے نعرے لگائے۔
(d) چاند نکلنے لگا ہے۔ ✓

19- نکلنا:

(a) کاروبار چل نکلا۔ ✓
(b) خواب سچا نکلا۔
(c) باہر نکلو۔
(d) رقم نکالو۔

20- ''وہ نیچے گر پڑا ہے'' میں کون سا مصدر امدادی فعل کے طور پر استعمال ہوا ہے؟

(a) نیچے
(b) پڑا ✓
(c) گر
(d) ہے